© rasailojaraid.com



یوسف طاہر قریشی

# نعت ختم المرسلین صلی اللہ علیہ وسلم

راستہ سچ کا دکھایا آپ نے　　زمزمِ وحدت پلایا آپ نے
آپ نے موتی لٹائے علم کے　　جاہلیت کو مٹایا آپ نے
کاٹ ڈالا جور کا ہر ایک ہاتھ　　ظلم سے سب کو بچایا آپ نے
آپ آئے رحمتِ عالم بنے　　گلشنِ رأفت کھلایا آپ نے
آپ نے افکار کی تطہیر کی　　دل کو حکمت سے سجایا آپ نے
جو اَلم کی دھوپ میں تھے جل رہے　　اُن پہ ڈالا اپنا سایا آپ نے
نکہتِ گلہائے وحدت کو سدا　　ایک اک دل میں بسایا آپ نے
بے خبر بندوں کو دی رب کی خبر　　ایک مولا سے ملایا آپ نے
نوری و ناری بھی پیچھے رہ گئے　　مرتبہ ایسا ہے پایا آپ نے
بن گیا ہر حرف حق کا ترجماں　　وہ پیامِ حق سنایا آپ نے

دے گئے طاہرؔ بھلائی کا سبق
نیکیوں کا فن سکھایا آپ نے

ماہانہ مجلس ذکر واصلاحی بیان
ابن امیر شریعت
حضرت پیر جی
سید عطاء المہیمن بخاری دامت برکاتہم
(امیر مجلس احرار اسلام پاکستان)
27 اکتوبر 2014ء
جمعرات بعد نماز مغرب
دارِ بنی ہاشم
مہربان کالونی ملتان
نوٹ: ہر انگریزی ماہ کی آخری جمعرات کو بعد نمازِ مغرب مجلسِ ذکر و اصلاحی بیان ہوتا ہے
الداعی: سید محمد کفیل بخاری ناظم مدرسہ معمورہ دارِ بنی ہاشم مہربان کالونی ملتان 061-4511961



© rasailojaraid.com